Date:

* هَلْ هٰذَا عَلَمٌ؟ (کیا یہ جھنڈا ہے؟) * هَلْ تِلْكَ وَرَقَةٌ؟ (کیا وہ کاغذ ہے؟)

((عربی میں جواب دینے کا طریقہ))

* اگر سوال کا جواب "ہاں" میں دینا ہو تو، "نَعَمْ" بولا جاتا ہے۔

* اور اگر جواب "ناں/نہیں" میں دینا ہو تو، "لَا" بولا جاتا ہے۔

نوٹ: "لَا" اور "نَعَمْ" اُس سوال کے جواب میں ہی آ سکتا ہے جو سوال "هَلْ" کے ساتھ استعمال ہوا ہو اور جس سوال میں "مَا" کا استعمال ہو وہاں یہ نہیں استعمال ہو سکتے جیسے، هَلْ هٰذَا كِتَابٌ؟ (کیا یہ کتاب ہے؟)

اس سوال کا جواب "لَا" اور "نَعَمْ" دونوں صورتوں میں آ سکتا ہے؛

دوسری مثال، مَا هٰذَا؟ (یہ کیا ہے؟) اس کا جواب "لَا" اور "نَعَمْ" کے ساتھ نہیں دیا جا سکتا۔

((مشق کیلئے چند جملے))

| سوال | جواب |
| --- | --- |
| * مَا هٰذَا؟ (یہ کیا ہے؟) ← مذکر کیلئے | هٰذَا قَلَمٌ (یہ قلم ہے) |
| * مَا ذٰلِكَ؟ (وہ کیا ہے؟) ← دور کیلئے | ذٰلِكَ جِدَارٌ (وہ دیوار ہے) |
| * مَا هٰذِهِ؟ (یہ کیا ہے؟) ← مؤنث کیلئے | هٰذِهِ مَدْرَسَةٌ (یہ سکول ہے) |
| * مَا تِلْكَ؟ (وہ کیا ہے؟) ← دور کیلئے | تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ (وہ تختہ سیاہ ہے) |
| * هَلْ هٰذَا شُبَّاكٌ؟ (کیا یہ کھڑکی ہے؟) ← مذکر | نَعَمْ هٰذَا شُبَّاكٌ (ہاں، یہ کھڑکی ہے) |
| * هَلْ هٰذِهِ نَافِذَةٌ؟ ( " " " ) ← مؤنث | نَعَمْ هٰذِهِ نَافِذَةٌ ( " " " ) |

نوٹ: عام کھڑکی کو "نَافِذَةٌ" کہا جاتا ہے، یہ لفظ مؤنث استعمال ہوتا ہے جبکہ جالی دار کھڑکی کیلئے لفظ "شُبَّاكٌ" استعمال ہوتا ہے اور یہ لفظ مذکر ہے

((نفی میں جواب دینے کا طریقہ))

عربی میں اگر جواب نفی میں دینا مقصود ہو تو یہ طریقے استعمال کیے جاتے ہیں

CS CamScanner

Date:

i) هَلْ هٰذَا عَلَمٌ؟ (کیا یہ جھنڈا ہے؟) لَا، لَيْسَ هٰذَا عَلَمٌ

سادہ جواب ہے (نہیں، یہ جھنڈا نہیں ہے)

ii) نفی کے بعد مناسب جواب بھی دینا ہو تو:

س: هَلْ هٰذِهٖ سَاعَةٌ؟ (کیا یہ گھڑی ہے؟)

ج: لَا، لَيْسَتْ هٰذِهٖ سَاعَةٌ، لٰكِنَّهَا وَرَقَةٌ

(نہیں، یہ گھڑی نہیں ہے، البتہ، یہ کاغذ ہے) } مذکر کیلئے "لٰکِنَّہٗ" استعمال ہوگا۔

دوسرا طریقہ:

س: هَلْ هٰذِهٖ سَبُّوْرَةٌ؟ (کیا یہ تختہ سیاہ ہے؟)

ج: لَا، لَيْسَتْ هٰذِهٖ سَبُّوْرَةٌ، بَلْ اِنَّهَا نَافِذَةٌ

(نہیں یہ تختہ سیاہ نہیں ہے، بلکہ یہ کھڑکی ہے۔) } مذکر کیلئے "بَلْ اِنَّہٗ" استعمال ہوگا

## (اَلتَّمْرِيْنُ // مشق // Exercise)

سوال نمبر ①: اجزائے کلام کتنے ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کریں۔ (گزر چکا)

سوال نمبر ②: اسم اور فعل میں فرق بیان کریں۔

i) "اسم" کسی شخص، چیز یا جگہ کا نام ہوتا ہے جبکہ "فعل" کسی کام کو کہا جاتا ہے۔

ii) "اسم" میں کوئی زمانہ نہیں پایا جاتا جبکہ "فعل" میں تینوں زمانوں (ماضی، حال، مستقبل) میں سے کوئی زمانہ پایا جانا ضروری ہے۔

سوال نمبر ③: علاماتِ تانیث (مؤنث اسم کی علامتیں) کون کون سی ہیں؟

(صفحہ نمبر 12 دیکھیں)

سوال نمبر ④: "مَا" سوالیہ اور "هَلْ" سوالیہ کی 2، 2 مثالیں تحریر کریں

"مَا" کی مثالیں:
i) مَا هٰذَا
ii) مَا ذٰلِكَ

"هَلْ" کی مثالیں:
i) هَلْ هٰذَا قَلَمٌ؟
ii) هَلْ تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ؟

CamScanner

Date:

سوال نمبر ⑤ "مَا" اور "هَل" کے استعمال میں کیا فرق ہے؟

* "مَا" کسی چیز کی حقیقت دریافت کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے جیسے مَا هٰذَا؟

* "هَل" کسی چیز کی وضاحت طلب کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے جیسے هَل هٰذَا قَلَمٌ؟

سوال نمبر ⑥ اسمائے اشارہ قریب اور اسمائے اشارہ بعید تحریر کریں۔

(صفحہ نمبر ۱۰ اور ۱۱ دیکھیں)

# اَلدَّرْسُ الثَّانِیْ (دوسرا سبق)

## اَلضَّمَائِرُ الْمُتَّصِلَةُ (ضمیر متصل)

### ((ذخیرہ الفاظ - Vocabulary))

* كُرْسِيٌّ (کرسی) * صُوْرَةٌ (تصویر) * شَجَرَةٌ (درخت)
* دَرَّاجَةٌ (سائیکل) * سَيَّارَةٌ (کار) * مَنْزِلٌ (گھر)
* مَكْتَبٌ (دفتر) * مَكْتَبٌ (ڈیسک) * سَقْفٌ (چھت)
* مِرْوَحَةٌ (پنکھا) * مِرْوَحَةُ السَّقْفِ (چھت والا پنکھا)
* قَلَمٌ + ی = قَلَمِیْ (میرا قلم)
* عَلَمٌ + نا = عَلَمُنَا (ہمارا جھنڈا)
* كِتَابٌ + كَ = كِتَابُكَ (تیری کتاب) كَ سے مذکر کیلئے } Your
* سَاعَةٌ + كِ = سَاعَتُكِ (تیری گھڑی) كِ سے مؤنث کیلئے }
* بَابٌ + هُ = بَابُهُ (اُس کا دروازہ) هُ سے مذکر کیلئے) His
* جِدَارٌ + هَا = جِدَارُهَا (اُس کی دیوار) هَا سے مؤنث کیلئے) Her

### ((ضمیر کی تعریف))

ضمیر (Pronoun) اُس وقت استعمال ہوتی ہے جب ہم دو ایسے جملے بنائیں جن میں سے پہلے میں اسم ظاہر استعمال کریں اور دوسرا جملہ بناتے وقت اُس اسم کی جگہ اُسکی ضمیر لے آئیں، مثلاً ، زیدٌ طالبٌ

Date:

اور وہ ایک محنتی طالب علم ہے۔ (زَيْدٌ طَالِبٌ وَهُوَ طَالِبٌ مُجْتَهِدٌ)

* ضمیر کی ۲ اقسام ہیں i) مُتَّصِل ii) مُنْفَصِل

i)* ضمیر متصل وہ ہوتی ہے جو کسی کلمے کے ساتھ جڑ کر استعمال ہو اور یہ اسم کے ساتھ بھی جڑ کر استعمال ہوتی ہے اور فعل کے ساتھ بھی۔

* اسم کے ساتھ استعمال ہونے کی مثالیں:

گزشتہ صفحے پر "قَلَمِي" سے لے کر "جِدَارُهَا" تک تمام مثالیں اسم کے ساتھ جڑ کر ضمیر کے استعمال ہونے کی مثالیں ہیں۔

* فعل کے ساتھ استعمال ہونے کی مثالیں:

ضَرَبَهُ (اُس نے اُسے مارا) { "هُ" ضمیر متصل ہے جو "ضَرَبَ" فعل کے ساتھ جڑ کر استعمال ہوئی ہے }

ii)* ضمیر منفصل وہ ہوتی ہے جو کسی کلمے سے جدا رہ کر استعمال ہو یہ ضمیر بھی اسم اور فعل دونوں کے ساتھ استعمال ہو سکتی ہے۔

* اسم کے ساتھ استعمال ہونے کی مثالیں:

هُوَ رَجُلٌ - هُوَ كِتَابٌ - هِيَ اِمْرَأَةٌ

أَنْتَ رَجُلٌ - أَنْتَ مُعَلِّمٌ - أَنْتِ مُعَلِّمَةٌ

* فعل کے ساتھ استعمال ہونے کی مثالیں:

هُوَ ضَرَبَ - هُوَ سَمِعَ - هِيَ خَرَجَتْ

نَصَرْتُ أَنَا - ذَهَبْنَا نَحْنُ

نوٹ: ضمیر جب فعل کے ساتھ استعمال ہوتی ہے تو اس کی فعل سے پہلے اور فعل کے بعد استعمال ہونے کی دونوں صورتیں جائز ہیں۔

نوٹ: ضمیر متصل (اسم اور فعل کے ساتھ) اور ضمیر منفصل (اِسم اور فعل دونوں سے جدا) کی الگ الگ گردانیں بھی بن سکتی ہیں، آئندہ صفحہ پر ملاحظہ ہوں

Date:

# گردان ضمیر متصل

| نمبر | اسم کے ساتھ ضمیر | فعل کے ساتھ ضمیر |
| --- | --- | --- |
| ۱ | قَلَمُهٗ (اُس ایک آدمی کا قلم) | ضَرَبَهٗ (اُس ایک آدمی نے اُس ایک آدمی کو مارا) |
| ۲ | قَلَمُهُمَا (اُن دو آدمیوں کے قلم) | ضَرَبَهُمَا (" " " اُن دو آدمیوں " ") |
| ۳ | قَلَمُهُمْ (اُن سب " ") | ضَرَبَهُمْ (" " " " سب " ") |
| ۴ | قَلَمُهَا (اُس ایک عورت کا قلم) | ضَرَبَهَا (" " " اُس ایک عورت کو مارا) |
| ۵ | قَلَمُهُمَا (اُن دو عورتوں کے قلم) | ضَرَبَهُمَا (" " " اُن دو عورتوں " ") |
| ۶ | قَلَمُهُنَّ (اُن سب " ") | ضَرَبَهُنَّ (" " " " سب " " ") |
| ۷ | قَلَمُكَ (تُو ایک آدمی کا قلم) | ضَرَبَكَ (" " " تُو ایک آدمی کو مارا) |
| ۸ | قَلَمُكُمَا (تم دو آدمیوں کے قلم) | ضَرَبَكُمَا (" " " تم دو آدمیوں " ") |
| ۹ | قَلَمُكُمْ (تم سب " " ") | ضَرَبَكُمْ (" " " " سب " ") |
| ۱۰ | قَلَمُكِ (تُو ایک عورت کا قلم) | ضَرَبَكِ (" " " تُو ایک عورت کو مارا) |
| ۱۱ | قَلَمُكُمَا (تم دو عورتوں کے قلم) | ضَرَبَكُمَا (" " " تم دو عورتوں " ") |
| ۱۲ | قَلَمُكُنَّ (تم سب " ") | ضَرَبَكُنَّ (" " " تم سب " ") |
| ۱۳ | قَلَمِیْ (میرا قلم) | ضَرَبَنِیْ (" " " مجھے (مرد/عورت کو) مارا) |
| ۱۴ | قَلَمُنَا (ہمارا قلم) | ضَرَبَنَا (" " " ہم سب کو مارا) |

ضمیر منفصل

| | اسم سے جدا ضمیر | فعل سے جدا ضمیر |
|---|---|---|
| ۱ | هُوَ سَمِيعٌ رَجُلٌ | هُوَ سَمِعَ |
| ۲ | هُمَا سَمِيعَا رَجُلَانِ | هُمَا سَمِعَا |
| ۳ | هُمْ سَمِيعُونَ رِجَالٌ | هُمْ سَمِعُوْا |
| ٤ | هِيَ اِمْرَأَةٌ | هِيَ سَمِعَتْ |
| ۵ | هُمَا اِمْرَأَتَانِ | هُمَا سَمِعَتَا |
| ٦ | هُنَّ نِسَاءٌ | هُنَّ سَمِعْنَ |
| ۷ | أَنْتَ مُعَلِّمٌ | أَنْتَ سَمِعْتَ |
| ۸ | أَنْتُمَا مُعَلِّمَانِ | أَنْتُمَا سَمِعْتُمَا |
| ۹ | أَنْتُمْ مُعَلِّمُونَ | أَنْتُمْ سَمِعْتُمْ |
| ۱۰ | أَنْتِ مُعَلِّمَةٌ | أَنْتِ سَمِعْتِ |
| ۱۱ | أَنْتُمَا مُعَلِّمَتَانِ | أَنْتُمَا سَمِعْتُمَا |
| ۱۲ | أَنْتُنَّ مُعَلِّمَاتٌ | أَنْتُنَّ سَمِعْتُنَّ |
| ۱۳ | أَنَا طَالِبٌ | أَنَا سَمِعْتُ |
| ۱٤ | نَحْنُ طُلَّابٌ | نَحْنُ سَمِعْنَا |

## ((ضمیر کی ۲ مزید اقسام))

i) مُسْتَتِر (پوشیدہ)  ii) بارز (ظاہر)

i) مُستتر: ایسی ضمیر جو لفظوں میں ظاہر نہ ہو بلکہ پوشیدہ ہو
جیسے، "خَلَقَ الْاِنْسَانَ" اس مثال میں "خَلَقَ" میں "هُوَ" ضمیر پوشیدہ
جو ترجمہ کرتے ہوئے واضح ہوئی ہے (اُس نے پیدا کیا انسان کو) "اُس" یہ
پوشیدہ ...

ii) بارز (ظاہر) گزشتہ دونوں صفحات پر موجود یا گردانیں ضمیرِ بارز ہی کی مثالیں ہیں۔

## ((متصل ضمیروں کا استعمال چند جملوں میں))

| سادہ جملے | متصل ضمیر والے جملے |
|---|---|
| i) هٰذَا جِدَارٌ | هٰذَا جِدَارُكَ — هٰذَا جِدَارُكِ |
| ii) هٰذِهٖ صُوْرَةٌ | هٰذِهٖ صُوْرَتُهٗ — هٰذِهٖ صُوْرَتُهَا |
| iii) هٰذِهٖ مِرْوَحَةٌ | هٰذِهٖ مِرْوَحَتِيْ — هٰذِهٖ مِرْوَحَتُنَا |
| iv) ذٰلِكَ كِتَابٌ | ذٰلِكَ كِتَابُهٗ — ذٰلِكَ كِتَابُهَا |
| v) تِلْكَ شَجَرَةٌ | تِلْكَ شَجَرَتُهٗ — تِلْكَ شَجَرَتُهَا |
| vi) تِلْكَ دَرَّاجَةٌ | تِلْكَ دَرَّاجَتِيْ — تِلْكَ دَرَّاجَتُنَا |

## ((متصل ضمیروں کے ساتھ سوال و جواب))

i) هَلْ هٰذِهٖ صُوْرَتُهٗ؟ (کیا یہ اُسکی تصویر ہے؟)
نَعَمْ هٰذِهٖ صُوْرَتُهٗ۔ (جی ہاں یہ اُسکی تصویر ہے)

ii) هَلْ هٰذِهٖ شَجَرَتُهٗ؟ (کیا یہ اُس کا درخت ہے؟)
لَا، بَلْ هٰذِهٖ شَجَرَتِيْ (نہیں، بلکہ یہ میرا درخت ہے)

iii) هَلْ هٰذَا كِتَابُكَ؟ (کیا یہ آپ کی کتاب ہے؟)
نَعَمْ هٰذَا كِتَابِيْ (جی ہاں یہ میری کتاب ہے)

iv) هَلْ ذٰلِكَ جِدَارُكَ؟ (کیا وہ آپکی دیوار ہے؟)
نَعَمْ ذٰلِكَ جِدَارِيْ (جی ہاں وہ میری دیوار ہے)

v) هَلْ تِلْكَ مَدْرَسَتُنَا؟ (کیا وہ ہمارا اسکول ہے؟)
نَعَمْ تِلْكَ ...

## ((التمرین // مشق // Exercise))

Date:

سوال نمبر ① مندرجہ ذیل اسماء کے ساتھ "ھٰذَا / ھٰذِہٖ" لگا کر جملے بنائیں۔

(کُرْسِیٌّ - مَدْرَسَۃٌ - بَابٌ - مُدَرِّسٌ - مَنْزِلٌ - سَقْفٌ)

**نوٹ:** مذکر اسم کے ساتھ اسم اشارہ مذکر (ھٰذَا) اور مؤنث اسماء کے ساتھ اسم اشارہ مؤنث (ھٰذِہٖ) کا استعمال ہوگا۔

ھٰذَا کُرْسِیٌّ - ھٰذِہٖ مَدْرَسَۃٌ - ھٰذَا بَابٌ

ھٰذَا مُدَرِّسٌ - ھٰذَا مَنْزِلٌ - ھٰذَا سَقْفٌ

سوال نمبر ② مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

(ھٰذَا - ذٰلِكَ - مَا - تِلْكَ - ی - نَا - كَ)

i) ھٰذَا (اسم اشارہ، واحد مذکر قریب) ھٰذَا بَیْتٌ (یہ گھر ہے)

ii) ذٰلِكَ (اسم اشارہ بعید، واحد مذکر) ذٰلِكَ مَسْجِدٌ (وہ مسجد ہے)

iii) مَا (سوالیہ کلمہ) مَا ھٰذَا؟ (یہ کیا ہے؟)

iv) تِلْكَ (اسم اشارہ بعید، واحد مؤنث) تِلْكَ سَبُّوْرَۃٌ (وہ تختہ سیاہ ہے)

v) ی (ضمیر متصل، واحد متکلم) ھٰذَا بَیْتِیْ (یہ میرا گھر ہے)

vi) نَا (ضمیر متصل، جمع متکلم) ھٰذِہٖ مَدِیْنَتُنَا (یہ ہمارا شہر ہے)

vii) كَ (ضمیر متصل، واحد مذکر حاضر) ھٰذَا كِتَابُكَ (یہ آپ کی کتاب ہے)

CamScanner

# اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ

## اَلْمُرَكَّبُ الْاِضَافِيُّ

## (مرکبِ اضافی)

((Vocabulary — ذخیرۃ الفاظ))

* اَلشَّمْسُ (سورج) * تَمْرٌ (کھجور) * نُوْرٌ (روشنی)
* بَقَرَةٌ (گائے) * رَجُلٌ (آدمی) * جَارٌ (پڑوسی/ہمسایہ)
* حَلِيْبٌ (دودھ) * اِكْرَامٌ (عزت کرنا) * نَظِيْفٌ (صاف ستھرا)
* اِمْرَأَةٌ (عورت) * اُسْتَاذٌ (اُستاد) * طَالِبٌ (طالب علم)
* ذَكِيٌّ (ذہین) * حُبٌّ (محبت) * مَرْأَةٌ (بیوی)
* صَغِيْرٌ (چھوٹا) * كَبِيْرٌ (بڑا) * عُصْفُوْرٌ (چڑیا)
* تِلْمِيْذٌ (شاگرد) * وَلَدٌ (بیٹا) * ضَوْءٌ (روشنی)
* ظَلَامٌ (اندھیرا) * وَرْدَةٌ (گلاب کا پھول) * بِنْتٌ (بیٹی)
* اَسَدٌ (شیر) * اِسْمٌ (نام) * لَيْسَ (نہیں)
* كَيْفَ؟ (کیسے؟) * مَنْ؟ (کون؟) * عَبْدٌ (بندہ/غلام)

((سبقی اشارے))

* "لَا" (نہیں) کی طرح "لَيْسَ" اور "لَيْسَتْ" بھی نفی کے لئے استعمال ہوتے ہیں، فرق یہ ہے کہ "لَيْسَ" مذکر کیلئے اور "لَيْسَتْ" مؤنث کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

جیسے: * لَيْسَ هٰذَا بَابٌ (یہ دروازہ نہیں ہے) مذکر کیلئے

* لَيْسَتْ هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ (یہ سکول نہیں ہے) مؤنث کیلئے

* سوالیہ کلمات "مَا" اور "مَنْ" میں فرق۔

i) "مَا" کا معنی ہے "کیا؟" جبکہ "مَنْ" کا معنی ہے "کون؟" (معنوی فرق)

ii) "مَا" غیر جاندار اشیاء کیلئے اور انسانوں کے علاوہ جانوروں کیلئے استعمال ہوتا ہے جبکہ "مَنْ" صرف انسانوں کیلئے استعمال ہوتا ہے (استعمال کا فرق)

Date:

مثالیں ← * مَا هٰذَا؟ (هٰذَا الْكِتَابُ) غیر جاندار چیز کیلئے استعمال کی مثال

* مَا هٰذَا؟ (هٰذَا فَرَسٌ) (یہ گھوڑا) جانور کیلئے استعمال کی مثال

* مَنْ هٰذَا؟ (هٰذَا زَيْدٌ) شخص کیلئے استعمال کی مثال

* "اسم نکرہ" اور "اسم معرفہ" میں فرق ۔

اسم نکرہ: ایسا اسم جو کسی بھی عام چیز کیلئے استعمال ہو مثلاً كِتَابٌ (کوئی بھی کتاب) قَلَمٌ (کوئی بھی قلم) رَجُلٌ (کوئی بھی آدمی)

اسم معرفہ: ایسا اسم جو کسی خاص چیز یا ذات کیلئے استعمال ہو، چاہے وہ مشہور/خاص نام ہونے کی وجہ سے معرفہ ہو جیسے زَيْدٌ/لاہور یا اُسے نکرہ سے معرفہ بنایا گیا ہو جیسے كِتَابٌ سے اَلْكِتَابُ (خاص کتاب)

نوٹ: نکرہ اسم سے معرفہ اسم بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ نکرہ اسم کے آغاز میں "الف لام" کا اضافہ کر دیا جائے جیسے رَجُلٌ سے اَلرَّجُلُ

وہ معرفہ جو نکرہ کے آغاز میں "الف لام" کے اضافے کے ساتھ بنایا گیا ہو اُسے "مُعَرَّف بِاللَّام" کہتے ہیں ۔

((مرکب اضافی کی جملوں میں استعمال کی مثالیں))

i) مَا اسْمُكَ؟ (آپ کا نام کیا ہے؟) اِسْمِيْ حَامِدٌ (میرا نام حامد ہے)

ii) مَا اسْمُهٗ؟ (اُس (مذکر) کا کیا نام ہے؟) اِسْمُهٗ خَالِدٌ (اُس کا نام خالد ہے)

iii) مَا اسْمُهَا؟ (اُس (مؤنث) کا کیا نام ہے؟) اِسْمُهَا عَائِشَةُ (اُس کا نام عائشہ ہے)

نوٹ: اِن تمام مثالوں میں "اِسْمُ" مضاف اور "كَ - هٗ - هَا" ضمیریں مضاف الیہ ہیں ۔

((مرکب اضافی کی مزید مثالیں))

i) هٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ . (یہ عبداللہ ہے)

ii) ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ (وہ اللہ کا فضل ہے)

iii) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں)

CamScanner

iv) بَابُ الْمَدْرَسَةِ مَفْتُوْحٌ (سکول کا دروازہ کھلا ہے)

v) اِسْمُ الْوَلَدِ سَعِيْدٌ (بچے کا نام سعید ہے)

vi) تِلْكَ مِرْوَحَةُ السَّقْفِ (وہ چھت کا پنکھا ہے)

vii) هٰذَا بَابُ الْغُرْفَةِ (یہ کمرے کا دروازہ ہے)

((التمرين // مشق // Exercise))

## سوال نمبر ①

درج ذیل الفاظ کو اس طرح ترتیب دیں کہ یہ جملے بن جائیں

| | غیر مرتب الفاظ | جملے | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| i) | صَغِيْرَةٌ - هٰذِهِ - النَّافِذَةُ | هٰذِهِ النَّافِذَةُ صَغِيْرَةٌ | یہ کھڑکی چھوٹی ہے۔ |
| ii) | هَلْ - أُسْتَاذٌ - ذٰلِكَ | هَلْ ذٰلِكَ أُسْتَاذٌ ؟ | کیا وہ اُستاد صاحب ہیں؟ |
| iii) | تِلْمِيْذٍ - ذٰلِكَ - كِتَابُ | ذٰلِكَ كِتَابُ تِلْمِيْذٍ ؟ | وہ طالب علم کی کتاب ہے۔ |
| iv) | كَبِيْرٌ - الْحَدِيْقَةِ - بَابُ | بَابُ الْحَدِيْقَةِ كَبِيْرٌ | باغیچے کا دروازہ بڑا ہے۔ |
| v) | الْعَلَمِ - لَوْنُ - أَخْضَرُ | لَوْنُ الْعَلَمِ أَخْضَرُ | جھنڈے کا رنگ سبز ہے۔ |
| vi) | جَدِيْدَةٌ - الطَّالِبِ - سَاعَةُ | سَاعَةُ الطَّالِبِ جَدِيْدَةٌ | طالبعلم کی گھڑی نئی ہے۔ |

## سوال نمبر ②

درج ذیل معرفہ اسماء کا مرکب اضافی اور جملہ اسمیہ میں استعمال کریں

اَللّٰهُ - زَيْدٌ - اَلْقَمَرُ

| | جملہ اسمیہ کی مثالیں | مرکب اضافی کی مثالیں |
|---|---|---|
| i) | اَللّٰهُ نُوْرٌ (اللہ نور ہے) | نُوْرُ اللّٰهِ (اللہ کا نور) |
| ii) | زَيْدٌ غُلَامٌ (زید غلام ہے) | غُلَامُ زَيْدٍ (زید کا غلام) |
| iii) | اَلْقَمَرُ ضَوْءٌ (چاند روشن ہے) | ضَوْءُ الْقَمَرِ (چاند کی روشنی) |

# اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ

## اَلْمُرَكَّبُ التَّوْصِيفِيُّ
## (مرکب توصیفی)

### ((ذخیرہ الفاظ — Vocabulary))

| | | |
|---|---|---|
| * سَهْلٌ (آسان) | * لَاعِبٌ (کھیلنے والا/کھلاڑی) | * ضَيِّقٌ (تنگ) |
| * مَرِيضٌ (بیمار) | * صَادِقٌ (سچا) | * جَمِيلٌ (خوبصورت) |
| * جَائِعٌ (بھوکا) | * صَالِحٌ (نیک) | * مُجْتَهِدٌ (محنتی) |
| * حَاضِرٌ (موجود) | * طَعَامٌ (کھانا) | * فَاكِهَةٌ (پھل) |
| * طَرِيقٌ (راستہ) | * غَائِبٌ (غیرحاضر) | * طَوِيلٌ (لمبا) |
| * حَسَنٌ (خوبصورت، اچھا) | * قَصِيرٌ (چھوٹے قد والا) | * طِفْلٌ (بچہ) |
| * بُسْتَانٌ (باغ) | * رَخِيصٌ (سستا) | * سَرِيعٌ (تیز رفتار) |
| * حُلْوٌ (میٹھا) | * ثَمِينٌ (قیمتی) | * لَيْلَةٌ (رات) |
| * مُرٌّ (کڑوا) | * مَفْتُوحٌ (کھلا ہوا) | * لَذِيذٌ (مزیدار) |

### ((سبقی اشارے))

نوٹ: سبقی اشارے میں مرکب توصیفی کے وہ تمام قواعد آتے ہیں جن کا تفصیلی ذکر صفحہ نمبر 7 - 8 اور 9 پر کیا جا چکا ہے۔

### ((مرکب توصیفی کا جملوں میں استعمال))

(i) اَلرَّجُلُ الْمَرِيضُ غَائِبٌ — (مریض آدمی غائب ہے)
(ii) اَلطَّالِبُ الْمُجْتَهِدُ حَاضِرٌ — (محنتی طالب علم موجود ہے)
(iii) هٰذَا رَجُلٌ طَوِيلٌ — (یہ ایک لمبا آدمی ہے)
(iv) هٰذِهٖ فَاكِهَةٌ لَذِيذَةٌ — (یہ مزے دار پھل ہے)
(v) هٰذَا قَلَمٌ رَخِيصٌ — (یہ سستا قلم ہے)
(vi) هٰذَا كِتَابٌ ثَمِينٌ — (یہ قیمتی کتاب ہے)

(vii) هٰذَا دَرْسٌ سَهْلٌ (یہ آسان سبق ہے)

(viii) تِلْكَ صُوْرَةٌ حَسَنَةٌ (وہ خوبصورت تصویر ہے)

(ix) هٰذَا لَاعِبٌ سَرِيْعٌ (یہ تیز رفتار (پھرتیلا) کھلاڑی ہے)

(x) هٰذِهٖ غُرْفَةٌ وَاسِعَةٌ (یہ ایک کشادہ کمرہ ہے)

## ((Exercise // مشق / اَلتَّمرِين))

### سوال نمبر ①

مرکب اضافی اور توصیفی میں کیا فرق ہے؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔

(i) مرکب اضافی میں ایک چیز کی دوسری کی طرف نسبت کی جاتی ہے جیسے "قَلَمُ زَيْدٍ" جبکہ مرکب توصیفی میں کسی چیز کی خوبی یا خامی بیان کی جاتی ہے۔ مثلاً رَجُلٌ طَوِيْلٌ (لمبا آدمی)

(ii) مرکب اضافی میں پہلا جزء نکرہ اور دوسرا ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے جبکہ مرکب توصیفی میں دونوں کا ایک جیسا ہونا ضروری ہے، اگر پہلا نکرہ ہو تو دوسرا بھی نکرہ ہوگا جیسے "غُرْفَةٌ وَاسِعَةٌ" اور اگر پہلا معرفہ ہو تو دوسرا بھی لازمی طور پر معرفہ ہوگا جیسے "اَلْغُرْفَةُ الْوَاسِعَةُ"۔

### سوال نمبر ②

درج ذیل الفاظ کے ساتھ لامِ تعریف (معرفہ بنانے والا الف لام) لگائیں۔

(طَالِبٌ ۔ مَسْجِدٌ ۔ مَدْرَسَةٌ ۔ بَابٌ ۔ كِتَابٌ ۔ قَلَمٌ ۔ حَدِيْقَةٌ)

(اَلطَّالِبُ ۔ اَلْمَسْجِدُ ۔ اَلْمَدْرَسَةُ ۔ اَلْبَابُ ۔ اَلْكِتَابُ ۔ اَلْقَلَمُ ۔ اَلْحَدِيْقَةُ)

نوٹ: نکرہ سے معرفہ بناتے وقت اسم کے آخر میں ڈبل اعراب (تنوین) ختم ہو جاتا ہے

# اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ

Date:

## (۱) اَلضَّمَائِرُ الْمُنْفَصِلَةُ
### (مُنْفَصِل ضمیریں)

### ((Vocabulary — ذخیرۂ الفاظ))

* فَوْقَ (اوپر) * اِلیٰ (تک) * تَحْتَ (نیچے)
* أَمَامَ (سامنے) * خَلْفَ (پیچھے) * عِنْدَ (پاس)
* مَعَ (ساتھ) * أَیْنَ (کہاں؟) * صِنَاعَةٌ (بنایا ہوا)
* قَرِیْبٌ (نزدیک) * بَعِیْدٌ (دور) * صَدِیْقٌ (دوست)
* صِدِّیْقٌ (سچا) * أَرْضٌ (زمین) * سَمَاءٌ (آسمان)
* بِئْرٌ (کنواں) * سَرِیْرٌ (چارپائی/بیڈ) * طَیِّبَةٌ (اچھی/عمدہ)
* هُوَ/هُمَا (وہ ایک/وہ دو مرد) * هُمْ (وہ سب مرد) * هِيَ/هُمَا (وہ ایک عورت/وہ دو عورتیں)
* هُنَّ (وہ سب عورتیں) * أَنْتَ/أَنْتُمَا (تو ایک مرد/تم دو مرد) * أَنْتُمْ (تم سب مرد)
* أَنْتِ (تو ایک عورت) * أَنْتُمَا/أَنْتُنَّ (تم دو/تم سب عورتیں) * أَنَا/نَحْنُ (میں ایک مرد/ہم سب مرد/عورتیں)

### ((سبقی اشارے))

نوٹ: سبقی اشارے میں وہ تمام قواعد آئے ہیں جن کا تفصیلی ذکر صفحہ نمبر 34 اور 36 پر ضمیر منفصل کی صورت میں کیا گیا ہے۔

(i) ذخیرۂ الفاظ میں "هُوَ" سے لے کر "نَحْنُ" تک تمام منفصل ضمیریں ہیں۔

(ii) ضمیر منفصل کی تمام مثالوں کیلئے صفحہ نمبر 36 دیکھیں۔

### ((ضمیر منفصل کا جملوں میں استعمال))

i) هَلْ هُوَ رَجُلٌ؟ (کیا وہ آدمی ہے؟)

ii) هُمَا طَالِبَانِ۔ (وہ دو طالب علم ہیں)

iii) هُمْ طُلَّابٌ۔ (وہ سب " " )

iv) هِيَ مُعَلِّمَةٌ۔ (وہ ایک ٹیچر ہے)

v) هُمَا مُعَلِّمَتَانِ (وہ دونوں ٹیچر ہیں)

vi) هُنَّ مُعَلِّمَاتٌ (وہ سب ״ ״)

vii) أَنْتَ مُهَنْدِسٌ (آپ انجینئر ہو)

viii) أَنْتُمَا مُهَنْدِسَانِ (״ دونوں ״ ״)

ix) أَنْتُمْ مُهَنْدِسُوْنَ (״ سب ״ ״)

x) أَنْتِ عَالِمَةٌ (آپ ایک عالمہ ہو)

xi) أَنْتُمَا عَالِمَتَانِ (آپ دونوں ״ ״)

xii) أَنْتُنَّ عَالِمَاتٌ (״ سب ״ ״)

xiii) أَنَا مُسْلِمٌ/مُسْلِمَةٌ (میں ایک مسلمان مرد/عورت ہوں)

xiv) نَحْنُ مُسْلِمُوْنَ/مُسْلِمَاتٌ (ہم سب مسلمان ״/״ ہیں)

((ذخیرہ الفاظ سے بنائے گئے مزید جملے))

i) هٰذَا صَدِيْقِيْ، هُوَ رَجُلٌ قَصِيْرٌ (یہ میرا دوست ہے، وہ چھوٹے قد والا آدمی ہے)

ii) بَيْتِيْ قَرِيْبٌ وَبَيْتُهُ بَعِيْدٌ (میرا گھر قریب ہے اور اُس کا گھر دور ہے)

iii) هٰذَا عَلَمُ بَاكِسْتَانَ (یہ پاکستان کا جھنڈا ہے)

iv) أَنَا أَمَامَكَ وَأَنْتَ أَمَامِيْ (میں آپ کے سامنے ہوں اور آپ میرے سامنے ہو)

v) اَلسَّرِيْرُ فَوْقَ الْأَرْضِ وَتَحْتَ السَّقْفِ (چارپائی زمین کے اوپر اور چھت کے نیچے ہے)

vi) اَلطَّالِبُ ذَكِيٌّ وَعَمَلُهُ طَيِّبٌ (طالب علم ذہین ہے اور اُس کا کام اچھا ہے)

vii) اَلشَّجَرَةُ عِنْدَ الْجِدَارِ وَبَعِيْدٌ عَنِ الْبَابِ (درخت دیوار کے نزدیک ہے اور دروازے سے دور ہے)

viii) عِنْدِيْ سَيَّارَةٌ وَعِنْدَهُ دَرَّاجَةٌ (میرے پاس کار ہے اور اُس کے پاس سائیکل ہے)

ix) عِنْدَكَ كِتَابٌ وَعِنْدَ صَدِيْقِيْ قَلَمٌ (آپ کے پاس کتاب ہے اور میرے دوست کے پاس قلم ہے)

x) وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ (اُس کی کرسی آسمان و زمین سے کشادہ ہے)

# حُرُوْفُ الجَرّ (حروفِ جر) (۱۱)

نوٹ: حروف جر کی تعریف اور تمام حروف مثالوں کے ساتھ تفصیل کے ساتھ صفحہ نمبر 16 اور 17 پر بیان ہو چکے ہیں۔

## (( التمرین // مشق // Exercise ))

### سوال نمبر ①

خالی جگہ مناسب الفاظ لگا کر پُر کریں۔

i) اَلْوَلَدُ فِی الْمَدْرَسَةِ (بچہ سکول میں ہے)
ii) اَلْمَسْجِدُ قَرِیْبٌ مِنْ بَیْتِی (مسجد میرے گھر کے قریب ہے)
iii) هٰذِهٖ صُوْرَةُ السَّرِیْرِ (یہ چارپائی کی تصویر ہے)
iv) اَللّٰهُ قَرِیْبٌ مِنْ قَلْبِ الْمُؤْمِنِ۔ (اللہ مومن کے دل کے قریب ہوتا ہے)
v) اَلْوَلَدُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ۔ (بچہ درخت کے نیچے ہے)

### سوال نمبر ②

درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

i) مِنْكَ : اَنَا قَصِیْرٌ مِنْكَ (میں آپ سے چھوٹا ہوں)
ii) عِنْدَكَ : هَلْ عِنْدَكَ سَاعَةٌ؟ (کیا آپ کے پاس گھڑی ہے؟)
iii) طَوِیْلَةٌ : هِیَ شَجَرَةٌ طَوِیْلَةٌ (وہ ایک لمبا درخت ہے)
iv) سَمَاءٌ : خَلَقَ اللّٰهُ السَّمَاءَ (اللہ نے آسمان بنایا)
v) تِلْمِیْذٌ : هُوَ تِلْمِیْذٌ مُجْتَهِدٌ (وہ ایک محنتی طالب علم ہے)
vi) مِنْ : اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ
vii) مَنْ : مَنْ اَنْتَ؟ (آپ کون ہو؟)
viii) اَنَا : اَنَا جَارُكَ (میں آپ کا پڑوسی ہوں)
ix) تِلْكَ : تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ (وہ تختہ سیاہ ہے)
x) اِمْرَأَةٌ : هِیَ اِمْرَأَةٌ صَالِحَةٌ (وہ ایک نیک خاتون ہے)

CamScanner

# اَلدَّرْسُ السَّادِسُ

اَلْجَمْعُ (ج. جمع)

《 Vocabulary - ذخیرۂ الفاظ 》

| واحد | معنی | جمع | |
|---|---|---|---|
| مُسْلِمٌ | (مسلمان) | مُسْلِمُوْنَ | جمع سالم |
| كَافِرٌ | (کافر) | كَافِرُوْنَ | |
| عَاقِلٌ | (عقلمند) | عَاقِلُوْنَ | |
| صَالِحٌ | (نیک آدمی) | صَالِحُوْنَ | |
| جَاهِلٌ | (ان پڑھ) | جَاهِلُوْنَ | |
| كَاتِبٌ | (لکھنے والا) | كَاتِبُوْنَ | |
| صُوْرَةٌ | (تصویر) | صُوَرٌ | جمع مکسر |
| مَنْزِلٌ | (گھر) | مَنَازِلُ | |
| غُرْفَةٌ | (کمرہ) | غُرَفٌ | |
| بَيْتٌ / بَيْتٌ | (گھر / شعر) | بُيُوْتٌ / أَبْيَاتٌ | |
| أُسْتَاذٌ | (استاد) | أَسَاتِذَةٌ | |
| رَجُلٌ | (مرد / آدمی) | رِجَالٌ | |
| رِجْلٌ | (ٹانگ) | أَرْجُلٌ | |
| صَدِيْقٌ | (دوست) | أَصْدِقَاءُ | |
| كُرْسِيٌّ | (کرسی) | كَرَاسِيُّ | |
| سَقْفٌ | (چھت) | سُقُوْفٌ | |
| مِرْوَحَةٌ | (پنکھا) | مَرَاوِحُ | |
| سَرِيْرٌ | (چارپائی / بیڈ) | سُرُرٌ | |
| شُبَّاكٌ | (کھڑکی) | شَبَابِيْكُ | |

Date

| | | |
|---|---|---|
| ★ بَابٌ | (دروازہ) | أَبْوَابٌ |
| ★ عَلَمٌ | (جھنڈا) | أَعْلَامٌ |
| ★ تِلْمِيْذٌ | (شاگرد) | تَلَامِيْذُ / تَلَامِذَةٌ |
| ★ طَالِبٌ | (طالب علم) | طُلَّابٌ / طَلَبَةٌ |
| ★ طِفْلٌ | (بچہ) | أَطْفَالٌ |
| ★ وَلَدٌ | (بچہ/بیٹا) | أَوْلَادٌ |
| ★ قَلَمٌ | (قلم) | أَقْلَامٌ |
| ★ مَكْتَبٌ | (دفتر/ڈیسک) | مَكَاتِبُ (دَفَاتِرُ) |
| ★ نَافِذَةٌ | (کھڑکی) | نَوَافِذُ |
| ★ طَرِيْقٌ | (راستہ) | طُرُقٌ |
| ★ شَجَرَةٌ | (درخت) | أَشْجَارٌ |
| ★ حَدِيْقَةٌ / بُسْتَانٌ | (باغ) | حَدَائِقُ / بَسَاتِيْنُ |
| ★ عَرِيْضٌ | (چوڑا) | عِرَاضٌ |
| ★ طَوِيْلٌ | (لمبا) | طِوَالٌ |
| ★ قَصِيْرٌ | (چھوٹا) | قِصَارٌ |
| ★ كَبِيْرٌ | (بڑا) | كِبَارٌ |
| ★ صَغِيْرٌ | (چھوٹا) | صِغَارٌ |
| ★ اِسْمٌ | (نام) | أَسْمَاءٌ |
| ★ شَيْءٌ | (چیز) | أَشْيَاءُ |
| ★ جِدَارٌ | (دیوار) | جُدُرٌ |
| ★ خَرِيْطَةٌ | (نقشہ) | خَرَائِطُ |
| ★ فَاكِهَةٌ | (پھل) | فَوَاكِهُ |

إِعْلَامٌ (میڈیا)